جوبلی پکچرز لمیٹڈ کا انوکھا شاہکار

Good

(31)

ٹھوکر

ठोकर

کہانی و گانے

ادا کاران

شیاما شمی کپور

پارو وغیرہ - ایتا

جانی واکر

قیمت ایک آنہ

رتن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

مختصر کہانی: دیپک اور کمار ایک لکھ پتی باپ کے بیٹے تھے۔ پہلا گود لیا ہوا۔ دوسرا اسکا۔ دیپک ماں باپ کے پیار سے محروم۔ کمار ماں کے زیادہ لاڈ پیار کی وجہ سے انسانیت اور شرافت سے محروم۔ کمار کی ماں نے دیپک کو بچپن میں ہی اپنی آنکھوں اور اپنے بیٹے کمار سے دور دوسرے شہر میں بھیج دیا تھا جہاں ندی کے بے روک ٹوک بہنے والے پانی کی طرح اس کی زندگی کا دور رنگین اور دلکش نظاروں سے کھیلتا ہوا گذر رہا تھا۔ ایک دن دیپک جب اپنی دوست ریتا کے گھر سے رات کے ۱۱ بجے گھر واپس آیا تو اس نے دیکھا کہ ماں جی اپنے بیٹے کمار کے ساتھ گاؤں سے آئی ہوئی ہیں۔ ماں باپ کے پیار کا بھوکا دیپک ماں جی کے قدم چھونے لگا تو اس نے دیپک کو نفرت سے ٹھکرا دیا۔ باقی پردہ پر

گانے

نمبر ۱ — طلعت محمود

شہر کی رات اور میں ناشاد و ناکارہ پھروں
جگمگاتی جاگتی سڑکوں پہ آوارہ پھروں
غیر کی بستی ہے، کب تک در بدر مارا پھروں
اے غم دل کیا کروں، اے وحشت دل کیا کروں

یہ رو پہلی چھاؤں، یہ آکاش پر تاروں کا جال
جیسے صوفی کا تصور، جیسے عاشق کا خیال
آہ لیکن کون سمجھے۔ کون جانے جی کا حال۔ اے غم دل....

راستے میں رک کے دم لوں یہ میری عادت نہیں
لوٹ کر واپس چلا جاؤں۔ میری فطرت نہیں

اور کوئی ہم نوا مل جائے یہ قسمت نہیں۔ اے غمِ دل....

مجھ ہیں آزمانے، یہ منزہ چاند تارے نوچ لوں
ایک دو کا ذکر کیا، سارے کے سارے نوچ لوں۔ اے غمِ دل....

نمبر۲ موج کی اور نہ طوفاں کی خبر ہوتی ہے
ڈوبنے والے کی ساحل پہ نظر ہوتی ہے
یہ نہ پوچھو شبِ غم کیسے بسر ہوتی ہے
کروٹیں شام سے لے لیکے سحر ہوتی ہے۔ موج کی اور....
دِل کی دھڑکن تیرا پیغام سناتی ہے مجھے
تجھ سے پہلے تیرے آنے کی خبر ہوتی ہے۔ موج کی اور....
پوچھتا ہے جو کوئی مجھ سے میرا حال اے شور
کہنا پڑتا ہے کہ اچھے ہیں گذر ہوتی ہے۔ موج کی اور....
ڈوبنے والے کی ساحل پہ نظر ہوتی ہے

نمبر۳
ہوا گنگنائے، فضا مسکرائے، میرے دل کی دھڑکن کسی کو بلائے
یہ جگ مگ ستارے کھلے آسماں پر
کہ چمکے ہیں جگنو کسی گلستاں میں
جیا بل کھائے کوئی گیت گائے۔ میرے دل کی....
یہ جیون کی راہیں، ہیں کتنی سہانی
اکیلے کٹے نہ، مگر زندگانی
کہا بھی نہ جائے، رہا بھی نہ جائے۔ میرے دل کی....
ہوا گنگنائے، فضا مسکرائے، میرے دل کی دھڑکن کسی کو بلائے

کسی کو بلائے کسی کو بلائے، کسی کو بلائے

نمبر ۷ یہ کیسی رات آئی ہے، خوشی چھائی ہے
نیلا نیلا تاروں میں اُلجھ کے رہ گئی
چنچل ہوا اک پہیلی کہہ گئی
من کی اُمنگ چاندنی میں بہہ گئی۔ یہ کیسی رات....
چندا نے بادلوں کے گھونگھٹ اُٹھائے
محل نیلے دیکھو چاندنی میں سارے
تاروں کی راہوں میں یہ کون چلا آئے۔ یہ کیسی رات....
من میں اُجالوں کی ہے رم جھم سُہانی
کھو کے نظاروں میں بن جاؤں ایک کہانی
آج کی رات میں ہو جاؤں گی دیوانی۔ یہ کیسی رات....

نمبر ۸ نگری رین کٹے نہ ان بن جیا مورا گھبرائے
کیسے ہنچوں پی کے گھروا، ہائے راما موری پائل شور مچائے
چھن چھن۔ چھن چھن۔ باجے پائل موری باجے پائل موری
کیسے آؤں بلما چوری چوری، چوری چوری۔ چھن چھن....
ایک تو پاپی پائل باجے
دوجے نندیا بھی موری جاگے
بیجے ساس کی آنکھ نہ لاگے
میں تو ڈروں ہائے قسم توری۔ چھن چھن....
پائل پکڑوں کنگن جھنکیں
کنگن پکڑوں انکھیاں بھڑکیں

لاج سے جھک جھک جائیں پلکیں
سو جھے ناہیں راہ بلم توری۔ جھن جھن......

نمبر۷ میں تو نہیں پیتا، ہیں لے تو نہیں پی ہے
ساقی سے محبت ہے، ساقی کی خوشی کی ہے
پی کے ہم سب جو چلے جھومتے میخانے سے
پکڑو پکڑو کی صدا آنے لگی تھانے سے
میری گردن پہ سپاہی نے دیا جب گھونسہ
اُس کے قدموں پہ گرا اور یہ رو رو کے کہا۔ میں تو نہیں پیتا...
راتوں کو لقوہ تیرا ہے، اور پیکے چکے سونا ہے
اے وسکی کی بوتل تو ہی بتا، اے ٹھرے کی بوتل تو ہی بتا
اے ہیوڑے کی بوتل تو ہی بتا۔ انجام میرا کیا ہونا ہے
بنگلہ بیچا، بیوی چھوڑی، اب تو فٹ پاتھ پہ سونا ہے
بوتل کو لگا کر سینے سے یہ کہنا ہے اور رونا ہے۔ میں تو نہیں پیتا
وسکی بھرے تورے نین، پیئے بن ناہیں آوت چین
چھائی ہیں زلفوں کی گھٹائیں چلنے لگیں آہوں کی ہوائیں
پیمانے تیرے غم کے میں پیتا رہا دن رین
وسکی بھرے تورے نین، میں ہوں خیالمین۔ میں تو نہیں پیتا...
گیا بازار میں جب پی کے پیمانے دو
میرے ساقی نے لوگوں سے کہا سمجھانے کو
کوئی پتھر سے نہ مارے میرے دیوانے کو
میں نے پبلک سے کہا معاف کرو جانے دو۔ میں تو نہیں پیتا...

نمبر۔ کچھ تم جو کہو ہم سے، تو کچھ ہم سے کہیں ہم
کُھل جائیں کبھی رابطں، محبت کی اسی دم
زلفوں کو جھٹک کر ترے پہلو سے جو چل دوں
ارمان پکاریں تیرے، صنم تھم ذرا ظالم۔ کچھ تم جو کہو......
ساغر میں بھگو کر جو نظر ڈال دوں تجھ پر
رنگین ہو دنیا تیری، ڈھل جائیں تیرے غم۔ کچھ تم جو کہو.....
ہم ایک ادا میں کبھی لے لیتے ہیں جاں بھی
خوش ہوں تو دکھا دیتے ہیں جنت بھی یہیں ہم۔ کچھ تم جو کہو.....

نمبر ۸ — طلعت محمود

اے غم دل کیا کروں، اے وحشت دل کیا کروں
تجھ کو قسمت نے بنایا گندے پانی کا کنول
خاک میں مل مل گئے سب آرزوؤں کے محل
کیا خبر تھی یوں میری تقدیر جائیگی بدل۔ اے غم دل.....
رو ٹھنے والے کسی مجبور سے روٹھے کا کیا
جس طرح قسمت نے تو شاہوں کو بھی لوٹے گا کیا
اے میرے ٹوٹے ہوئے دل اور تو ٹوٹے گا کیا۔ اے غم دل.....
اس جہاں میں کون ہے میرا بھلا ان کے سوا
خاک ہوں میں ان کے قدموں کی وہ میرے دیوتا
روٹھ کر مجھ سے ہوئے ہیں زندگی سے وہ خفا
اے غم دل کیا کروں، اے وحشت دل کیا کروں

ختم شد

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب، جسے دہلی کے مشہور حکیم محمد اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے۔ جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا دل و جان سے اس کا والا و شیدا ہوگیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کیلئے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات و ہدایات درج فرمائی ہیں۔ جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں تو آج ہی طلب کریں۔ قیمت مجلد محصولڈاک صرف ۲/۱/-

فلمی اداکاری

اس کتاب میں فلم میں کام کرنے والوں کیلئے اداکاری کے متعلق بہترین معلومات مہیا کی ہیں، آپ ایک اچھے ایکٹر کسطرح بن سکتے ہیں۔ ایکٹر بننے کے لئے کیا کیا چیزیں ہونا لازمی ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ علاوہ ازیں اسٹوڈیو کے بھیدنیز ایکٹر ایکٹریس اور فلم ڈائریکٹروں کے مکمل پتے بھی درج ہیں

قیمت مجلد محصولڈاک صرف ۱/۱۴/-

زین اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

فلمی گانوں کی ایک بہترین کتاب

سینما سنگیت عرف گویوں کا گورو

یہ ۵۰۰ فلمی گانوں کی وہ لاجواب کتاب ہے۔ جسے ملک نے بیحد پسند کیا ہے۔ اسمیں تقریباً ۲۵۰ بہترین فلموں کے چیدہ گانے چھاپے گئے ہیں۔ جنہیں زمانہ حال کے مشہور ستاروں مثلاً کامنی کوشل۔ نرگس۔ ثریا۔ گیتا بالی۔ کانن بالا۔ پارو دیوی۔ نورجہاں۔ مینا۔ ممتاز شانتی۔ لتا۔ ریحانہ۔ گیتا نظامی۔ اور ماسٹر سہگل۔ پہاڑی سانیال۔ اشوک کمار۔ دلیپ کمار۔ دیو آنند۔ موتی لال۔ چندر موہن۔ کرن دیوان۔ پرتھوی راج۔ یعقوب وغیرہ نے گایا ہے۔ جنکو ایک بار پڑھنے و سننے سے انسان تڑپ جاتا ہے۔ اور اپنے آپ کو بھول جاتا ہے۔ اگر آپ ابھی تک اس نایاب چیز سے محروم ہیں تو آج ہی اس کتاب کو منگائیے ہمارا دعویٰ ہے کہ آپ اس کو پڑھکر تڑپ جائینگے۔

قیمت معہ محصولڈاک صرف ۱/-۱

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانیوالی سب سے بہتر اور نئی کتاب جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کیگئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بوشرٹ۔ بلیزر کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا۔

قیمت معہ محصولڈاک صرف ۳/-۱

ٹرنن اینڈ کو تاجران کتب دریبہ کلاں دہلی

(ریکوری پریس دہلی)